بسم اللہ کے روحانی فوائد پر مشتمل فتوحات کا لاثانی عمل



بسم اللہ الرحمن الرحیم





مؤلف

مولانا غلام محمد نقشبندی

03153988230

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فتوحات کا لاثانی عمل

بسم اللہ شریف کا یہ عمل تسخیر خلائق اور فتوحات کا لاثانی عمل ہیں۔ایسے اعمال عاملین وکاملین کی برسوں خدمت کرنے کے بعد بھی نہیں ملتے خوش نصیب شخص ہی اس عمل کو کرے گا۔اول بسم اللہ شریف کی زکات پانچ چلّوں میں ادا کریں۔

فوائد عمل (1) ہر طرح کے روحانی وجسمانی امراض کے علاج کے لئے بسم اللہ شریف کا دم قوی الاثر ہو گا۔(2) بعض مفسرین کہتے ہیں کہ بسم اللہ شریف ہی دراصل اسم اعظم ہے۔(3) حاملِ عمل کی رزق وروزی میں بے انتہا برکت ہو(4) تسخیر خلائق حاصل ہو،(5) اس عمل کا عامل سیفِ زبان اور سیفِ قلم ہوجاتا ہے(6) اگر بندشِ نکاح، واولاد یا کاروبار ہو تو وہ بھی ختم ہو جائے۔(7) ہرطرح کے جادو جنات اور روحانی وجسمانی امراض کا خاتمہ ہو۔(8) عامل بسم اللہ شریف محبوب خلائق ہو۔(9) اگر کسی خاص مقصد کے لئے یہ عمل کیاجارہاہوں تو وہ کام پائے تکمیل کو جلد پہنچے،

طریقہ عمل

اس عمل کے لئے سب سے موضوع وقت ماہ رجب، شعبان، رمضان المبارک، شوال، ذوالقعدہ ہے۔البتہ ان مزکورہ مہینوں کے علاوہ بھی کسی بھی اسلامی ماہ کے نوچندی جمعرات یا اتوار کی شب سے عمل شروع کرسکتے ہیں۔ایک چلّے کے دنوں کی تعداد کم از کم 21یوم ہیں اور زیادہ سے زیادہ 40یوم ہے۔ اگر21یوم کا چلّہ مکمل کرنے کا ارادہ ہو تو بسم اللہ شریف کی سوا لاکھ کی تعداد کے حساب سے روزانہ 5950مرتبہ پڑھے، 21یوم میں سوا لاکھ کی تعداد مکمل ہوجائے گی۔اوراگر 40یوم میں ایک چلّہ مکمل کرنے کا ارادہ ہو تو روزانہ 3125روزانہ پڑھنا ہو گا، تو 40یوم سوالاکھ کی تعداد مکمل ہو جائے گی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(چلہ اول)میں سوالاکھ مرتبہ،، بسم اللہ الرحمن الرحیم ،،خاص حق تعالٰی کی رضا کے واسطے پڑھے،اور چلے کے اختتام پر سات رنگہ مٹھائی نابالغ بچوں میں تقسیم کریں، جب چلہ اول مکمل ہو جائے تو بغیر کسی ناغہ اور وقفے کے اگلے روز سے ہی(دوسرا چلہ) شروع کرے، دوسری مرتبہ پھر سوالاکھ کی تعداد بسم اللہ الرحمن الرحیم کی مکمل کرے، اور اس کا ثواب روزانہ نبی الرحمہ شافع محشر کی روح اقدس کو پہنچائے،(پھر تیسرا چلہ) سوالاکھ بسم اللہ شریف کا حسبِ سابق اگلے روز سے ہی بغیر کسی وقفے اورناغے کے شروع کریں، اور اس کا ایصالِ ثواب اہل بیت، آلِ رسول، اور تمام انبیآء کرام و اولیآئے کرام کی کی ارواح کو بخش دے،

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(چوتھا چلہ)سوالاکھ بسم اللہ شریف کی پوری کرے اور اس کا ثواب اپنے مرشد (استاد)کو اوراب تک فوت شدہ تمام مسلمان مرد وزن کی ارواح کواور جس شخص نے سے یہ عمل پڑھنے کا طریقہ ملا یعنی اپنے روحانی رہبر واستاد کو بخش دے۔(پانچواں چلہ)اپنے جائز اورخاص مقاصد کے حصول کے واسطے پڑھے۔ جو کوئی خوش نصیب 5چلے اس طریقے سے پورے کرے گا وہ بسم اللہ الرحمن الرحیم کا پورا عامل کامل بن جائے گا۔اب بعد از زکات عمل کو قابو میں رکھنے کے لئے بسم اللہ الرحمن الرحیم کو روزانہ 66مرتبہ یا313مرتبہ پڑھا کرے،

معزز قارئین کرام آپ احباب سے گزارش خاص کی کیجاتی ھے کہ تحریروں کوزیادہ سے زیادہ شیئر کیا کریں تاکہ زیادہ سے زیادہ بہن بھائی مستفیض ہوں جو بھی بہن بھائی اس سے مستفیض ہو گامیرے بھائیوں وہ آپ کے حق میں انشاءاللہ ضرور دعائے خیر کرے گا،

روحانی معالج مولاناغلام محمد نقشبندی